نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں سلور جوبلی تقریبات میں بطور مہمانِ اعزاز شرکت۔وزیر زراعت کی وائس چانسلر، اساتذہ اور طلباء کو یونیورسٹی کے 25 سال مکمل ہونے پر مبارکباد۔وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات فواد چوہدری بھی موجود۔

بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی زرعی تعلیم اور بارانی علاقوں میں زرعی تحقیق کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 22 نومبر 2021: بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی زرعی تعلیم اور بارانی علاقوں میں زرعی تحقیق کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں ہفتہ سلور جوبلی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ان کا مزید کہنا تھا کی سلور جوبلی تقریبات کے انعقاد پر پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر ڈاکٹر قمر الزمان سمیت تمام عملہ اور طلبہ وطالبات مبارکباد کے مستحق ہیں۔اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری بھی موجود تھے۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بارانی یونیورسٹی ایک نرسری کا کردار ادا کر رہی جہاں کے طلبہ مستقبل کے تنا آور درخت بن کر ملکی معیشت میں کردار ادا کریں گے۔بارانی زرعی یونیورسٹی کا 25 سالہ سفر انتہائی قابل تحسین ہے۔اس یونیورسٹی نے زرعی تعلیم وتحقیق کے میدان میں قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں اور اسی یونیورسٹی کے گریجویٹس ملک بھر میں مختلف اداروں میں گرانقدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔اس کے علاوہ وزیر زراعت پنجاب کا کہنا تھا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی زرعی تعلیم اور بارانی علاقوں میں زرعی تحقیق کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔بلاشبہ یہ قابل فخر ادارہ ملک کے بارانی علاقوں میں جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جس سے بارانی علاقوں میں پیداوار میں اضافہ کے ساتھ کاشتکاروں کا معیارِ زندگی بھی بہتر ہو رہا ہے۔بارانی زرعی یونیورسٹی نے ملک میں ہائیڈروپونک ٹیکنالوجی کو متعارف کرانے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے جبکہ ہائی ویلیو کراپس پر تحقیق کے منصوبے جاری ہیں جن سے مستقبل میں اس خطہ میں زراعت کو جدید خطوط پر فروغ دینے میں مدد ملے گی۔اس کے علاوہ امسال" یونیورسٹی فارمر آوٹ ریچ پروگرام"کے تحت اس یونیورسٹی کے زرعی طالب علم محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ مل کر گندم اور ربیع 22-2021 کی فصلات کی پیداواری مہم میں شامل ہیں اور اس ضمن میں کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں۔حسین جہانیاں گردیزی نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے ماضی میں زرعی تعلیم وتحقیق کو اہمیت نہیں دی گئی۔زرعی ریسرچ پر مبنی تعلیم دراصل زراعت کی سمت کا تعین کرنے میں سب سے اہم کردار ادا کرتی۔موجودہ حکومت نے زراعت کے شعبے کو اولین ترجیح دیتے ہوئے مثالی اقدامات کئے ہیں۔اس موقع پر وائس چانسلر ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی ڈاکٹر قمر ازمان نے بتایا کہ یونیورسٹی میں اس وقت 6 فیکلٹیز کام کر رہی ہیں اور ادارہ ہذا میں کل طلبہ کی تعداد 12 ہزار سے زائد ہے۔یونیورسٹی میں زراعت کے علاوہ، وئینٹری، بائیوکیمسٹری، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ جات میں تعلیم مہیا کی جا رہی ہے۔انہوں نے وزیر زراعت پنجاب کا سلور جوبلی تقریبات میں بطور مہمانِ اعزاز شرکت پر شکریہ ادا کیا۔بارانی زرعی یونیورسٹی کی سلور جوبلی کی تقریب میں سکالرز، اکیڈمیا و طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی

☆☆☆☆